بیاد اعلحضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ — اعلحضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ — علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ

فہرست مضامین

ادارہ کا مضمون نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں اور املاء کے اغلاط کی ذمہ داری مضمون نگار پر ہے۔

رابطہ دفتر

کنزالایمان ریسرچ انسٹیٹیوٹ، گلہ اسماعیل والا، نند گورے بیکرز

گرجاکھ روڈ، گوجرانوالہ +923247448814

قیمت 30 روپے

ناشر: مفتی سید مبشر رضا، مطبع: رضا پبلیشنگ کمپنی لاہور، مقام اشاعت: گوجرانوالہ

بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

ضیاء رسول

جس سمت بھی جاتا ہوں طوفان مچاتا ہوں
میں ہر گستاخ نبی کو چن چن کے مٹاتا ہوں
کفر کی دنیا کے لیئے کانٹوں کا جہان ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

بزدل کو ایمانی دنگل میں فیل سمجھتا ہوں
ڈرتا نہیں ہوں موت سے کھیل سمجھتا ہوں
کذابوں کی موت دجالوں کا انجام ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

محمد کے غلاموں کو کبھی پرکھا نہیں جاتا
جب شیر بپھر جائے تو پھر روکا نہیں جاتا
آقا کے باغی کیلیئے مقتل کا سامان ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

منکرِ ختم نبوت کانوں کو کھول کے سن لے
تجھے حق کی دعوت ہے یا دن اپنے گن لے
لٹکتا بھی شوق سے لٹکاتا بھی سرِ عام ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

فرشتوں کا امیر ہوں میں مومن کا تیر ہوں میں
مدینے کی گلیوں کا ادنیٰ سا فقیر ہوں میں
غیرت کا جہان ہوں جذبوں کا طوفان ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

گھس جاتا ہوں اکیلا ہی کفر کے میلے میں
ڈالتا ہوں چوم کے پھانسی بھی گلے میں
پھندے کیلیئے بھی موت کا پیغام ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

شیطان کے چیلوں سے عُمر کبھی ڈرتا نہیں
ضرب ہو مومن کی تو کفر کبھی ٹکتا نہیں
منافقوں پہ چلنے والی تلوار و نیام ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

میں چلتے ہوئے پانی میں بھی شمع جلاتا ہوں
جو پھولوں سے نکل جائے خوشبو پکڑ لاتا ہوں
اس دھند و تاریکی میں ضیاء کا جام ہوں میں
بندہ کوئی عام نہیں محمد کا غلام ہوں میں

صلی اللہ علیہ وسلم

اداریہ

سعودی عرب میں ہونے والے حالیہ حملوں نے پورے عالم اسلام کو شدید رنج والم سے دوچار کیا یہ ایسا سانحہ تھا جس سے پوری دنیا کے مسلمانوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ یوں تو پوری دنیا میں مسلمان کفار کی بدترین سفاکی سے دوچار ہیں مسلمانوں کا قتل عام ایک معمول بن چکا ہے امریکہ ،فرانس اور جرمنی جیسے ممالک میں کوئی ایک دو قتل بھی ہوجائیں تو پوری دنیا سراپا احتجاج بن جاتی ہے تمام اسلامی اور غیر اسلامی ممالک کے سربراہان کے تعزیتی پیغامات کی بارش ہوتی ہے۔ سوشل میڈیا پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا پر بڑی شدت سے احتجاج اور افسوس کا اظہار کیا جاتا ہے مگر دنیا بھر میں فقط مسلمان ہی وہ واحد قوم ہیں جن کے خون کی کوئی قیمت نہ رہی جن کو دن رات گاجر مولی کی طرح کاٹا جا رہا ہے مگر پوری دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے کفار کو تو اس پر خوشی ہے کیونکہ وہ تو اسلام اور مسلمانوں کے ازلی دشمن ہیں مگر افسوس اسلامی دنیا پر ہوتا ہے جو اتنی طاقتوں کے مالک ہوتے ہوئے فقط دنیاداری میں اتنے مگن ہیں کہ اپنے مسلمان بھائیوں کی تکلیف محسوس کرنے کی بجائے کفار کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں اور اپنی عیاشیوں میں مگن ہیں شاید آج مسلمان آقائے دوجہاں ﷺ کی تعلیمات کو بھول چکے ہیں انہیں مدینہ شریف کی ریاست میں نبی کریم ﷺ کا بھائی چارے کی عظیم مثالیں قائم کرنا بھول چکا ہے وہ مسلمان جو ایک جسم کی مانند ہوتے ہیں کہ کسی ایک حصے کی تکلیف پورا جسم محسوس کرتا ہے مگر آج ہمیں وہ مسلمان دکھائی نہیں دیتا یہی بے حسی اور لاپرواہی آج ہمیں یہ دن دکھا رہی ہے کہ عالم اسلام کی محبتوں اور عقیدتوں اور عبادتوں کے مراکز مکہ و مدینہ تک بھی عالم کفر کا ہاتھ پہنچ چکا ہے اور وہ ان مقدس مقامات پر بھی باقی دنیا کی طرح خون کی ہولی کھیلنا چاہتے ہیں اور مسلمان حکمران ابھی تک خواب غفلت میں سوئے ہوئے ہیں۔ ایک دفعہ چند عیسائیوں نے مدینہ شریف پر حملہ کرکے روضہ رسول ﷺ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو اسکی اطلاع اس وقت کے ایک مرد مجاہد سلطان نورالدین زنگی رحمتہ اللہ علیہ کو خود نبی اکرم شفیع معظم ﷺ نے خواب میں آکر فرمائی اور ایک حملہ ابھی بھی ہوا اور دنیا کے کسی مسلمان حکمران کسی جرنیل کسی سپہ سالار کی خواب میں قبل از وقت اطلاع فرمانے نبی رحمت ﷺ تشریف نہ لائے۔ کیوں؟ اے دنیا کے حکمرانوں ذرا سوچو اور ہوش کے ناخن لو عین ممکن ہے ہمارے آقا و مولی سرور کائینات ﷺ تم سب سے ناراض ہوں۔

عبدالستار ایدھی صاحب شدید علالت کے بعد خالق حقیقی سے جاملے اللہ پاک ان کی غلطیوں کوتاہیوں کو معاف فرما کے ان کے ساتھ آسانی والا معاملہ فرمائے۔ ان کی وفات کے بعد انکی شخصیت کو متنازعہ بھی بنایا گیا ان کی تعریف بھی کی گئی۔ انسان چونکہ خطا کا پتلا ہے تو ممکن ہے ان سے بھی غلطیاں ہوئی ہوں لیکن بعداز وفات ہمیں ان کی برائی کرنے سے حتی الامکان گریز کرنا چاہیے مگر انہوں نے پاکستانی عوام کی جتنی خدمت کی اسکی جتنی تعریف کی جائے کم ہے بلاشبہ وہ پاکستان کی دکھی عوام کے لیے ایک بہت بڑا سہارا تھے ان کی خدمت کی پوری دنیا معترف ہے۔ ہاں لیکن ان کو محسن انسانیت قرار دینا ایک ظلم عظیم ہے کیونکہ محسن انسانیت فقط نبی رحمت ﷺ کی ذات اقدس ہے اور انسانیت کا درس فقط اسی در سے ملتا ہے اس در سے سبق حاصل کرکے کوئی کتنا ہی عظیم خادم کیوں نہ بن جائے محسن انسانیت کا لقب نہیں پاسکتا۔ اس لیے کسی کی تعریف میں اتنا آگے نہیں جانا چاہیے کہ تمام حدود ہی پھلانگ لی جائیں اور دوسری جانب انکی برائی کرنے سے بھی گریز کرنا چاہیے کیونکہ غلطیاں تو ہر کسی سے ہوتی ہیں لیکن بحرحال وہ ایک کلمہ گو مسلمان تھے جنہوں نے ساری زندگی انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کر رکھی تھی اور اب وہ سب سے بڑی عدالت میں پیش ہوچکے ہیں۔ ہمیں قاضی بننے کی بجائے انکے حق میں دعا کرنی چاہیے۔

ساحل کاہلوں

ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی اور پاکستان

بہت سے مسلمان قادیانیوں کے بارے میں رواداری اور فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ چنانچہ یہی مظاہرہ ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی کے بارے میں بھی کیا گیا۔ بعض حضرات کا استدلال یہ ہے کہ ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی کا عقیدہ ومذہب کچھ بھی ہو بہرحال وہ پاکستانی ہیں۔ اور ان کو نوبل انعام کا اعزاز ملنا پاکستان اور اہل پاکستان کے لئے بہرصورت لائق فخر ہے۔ چنانچہ ہمارے ملک کی ایک معروف سیاسی شخصیت نے روزنامہ ''جنگ'' کے کالم ''مشاہدات و تاثرات'' میں اس پر اظہار خیال کرتے ہوئے تحریر فرمایا:

''مسلک ان کا کچھ بھی ہو لیکن پاکستان کے رشتے سے عالمی سطح پر ان کی سائنسی مہارت کا جو اعتراف ہوا ہے اس سے قدرتاً ہم سب کو خوشی ہونی چاہیے۔ علم، علم ہے اس پر نہ کسی عقیدہ اور مذہب کی چھاپ لگائی جاسکتی ہے نہ مشرق و مغرب کی، یہ تو روشنی اور ہوا کی طرح پوری انسانیت کا مشترک ورثہ ہے۔'' (جنگ کراچی 14 مئی 1981ء)

قادیانی ہفت روزہ ''لاہور'' میں ایک مراسلہ ''جاہل مولویوں نے سائنس دشمنی میں پاکستان کے عزت و وقار کو بھی خاک میں رولنا شروع کردیا ہے۔'' کے عنوان سے چھپا اس میں سے یہ عبارت ملاحظہ فرمائیے:

''اگر مولویوں کا یہ فتویٰ مان بھی لیا جائے۔ کہ ڈاکٹر عبدالسلام کافر ہے تو پھر مولویوں کو یہ احساس تو ہونا چاہیے۔ کہ وہ کافر بھی اول و آخر پاکستانی ہے اور اس کو ملنے والا اعزاز اصل میں پاکستان کو ملنے والا اعزاز ہے۔'' (ہفت روزہ لاہور 11 نومبر 1979ء صفحہ 4)

ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی واقعی پاکستانی ہے۔ لیکن اس کی نظر میں خود پاکستان کی کیا عزت وحرمت ہے؟ اس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ وہ یحییٰ خان اور مسٹر بھٹو کے دور میں صدر پاکستان کا سائنسی مشیر تھا لیکن جب 1974ء میں پاکستان قومی اسمبلی نے آئینی طور پر قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا تو یہ صاحب احتجاجاً لندن جا بیٹھے اور جب مسٹر بھٹو نے اس کو ایک سائنس کانفرنس میں شرکت کی دعوت بھجوائی تو پاکستان کے بارے میں نہایت گندے اور توہین آمیز ریمارکس لکھ کر دعوت نامہ واپس بھیج دیا۔ ہفت روزہ چٹان کا درج ذیل اقتباس ملاحظہ فرمائیں:

''مسٹر بھٹو کے دور میں ایک سائنسی کانفرنس ہو رہی تھی۔ کانفرنس میں شرکت کے لئے ڈاکٹر سلام کو دعوت نامہ بھیجا گیا یہ ان دنوں کی بات ہے۔ جب قومی اسمبلی نے آئین میں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دے دیا تھا۔ یہ دعوت نامہ جب ڈاکٹر سلام کے پاس پہنچا تو انہوں نے مندرجہ ذیل ریمارکس کے ساتھ اسے وزیرِ اعظم سیکرٹریٹ کو بھیج دیا۔ ترجمہ: میں اس لعنتی ملک پر قدم نہیں رکھنا چاہتا جب تک آئین میں کی گئی ترمیم واپس نہ لی جائے۔ مسٹر بھٹو نے جب یہ ریمارکس پڑھے تو غصے سے ان کا چہرہ سرخ ہوگیا۔ انہوں نے اشتعال میں آکر اسی وقت اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے سیکرٹری وقار احمد کو لکھا کہ ڈاکٹر سلام کو فی الفور برطرف کردیا جائے اور بلا تاخیر نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے۔ وقار احمد نے یہ دستاویز ریکارڈ میں فائل کرنے کے بجائے اپنی ذاتی تحویل میں لے لی تاکہ اس کے آثار مٹ جائیں وقار احمد بھی قادیانی تھے یہ کس طرح ممکن تھا کہ اتنی اہم دستاویز فائلوں میں محفوظ رہتی۔ (ہفت روزہ ''چٹان'' لاہور شمارہ 22/ جون 1986ء)

کیا ایسا شخص جو پاکستان کے بارے میں ایسے توہین آمیز اور ملعون الفاظ بکتا ہو اس کا اعزاز پاکستان اور اہل پاکستان کے لئے موجب مسرت اور لائق مسرت ہوسکتا ہے۔ اپریل 1984ء میں جنرل محمد ضیاء الحق نے امتناع قادیانیت آرڈیننس جاری کیا۔ جس کی رو سے قادیانیوں کو مسلمان کہلانے اور شعائر اسلامی کا اظہار کر کے مسلمانوں کو دھوکا دینے پر پابندی عائد کر دی گئی قادیانیوں کا نام نہاد "بہادر خلیفہ" اس آرڈیننس کے نفاذ کے بعد راتوں رات بھاگ کر لندن جا بیٹھا۔ وہاں پاکستان اور اور اہل پاکستان کو "دشمن" کا خطاب دے کر ان کے خلاف جنگ کا بگل بجاتا رہا۔ اور قادیانیوں کو پاکستان کے امن کو آگ لگانے کی تلقین کرتا رہا۔ قادیانیوں کا دوماہی پرچہ جو "مشکوۃ" کے نام سے قادیان (انڈیا) سے شائع ہوتا ہے، اس میں "پیغام امام جماعت کے نام" کے عنوان سے مرزا طاہر قادیانی کا پیغام دنیا بھر کی جماعت ہائے احمدیہ کے نام شائع ہوا ہے۔ اس کے چند فقرے ملاحظہ فرمائیے:

"جس لڑائی کے میدان میں "دشمن" نے ہمیں دھکیلا ہے یہ آخری جنگ نظر آتی ہے، اور انشاء اللہ ہمارے دشمنوں کو اس میں بری طرح شکست ہوگی" (دوماہی مشکوۃ قادیان صفحہ 7)

"دشمن سے ہماری جنگ کا یہ انتہائی اہم اور فیصلہ کن مقام ہے" (صفحہ 7)

"یہ وہ آخری مقام ہے جہاں دشمن پہنچ چکا ہے۔" (صفحہ 7)

"تمام جماعت کو برقی رفتار کے ساتھ اس لڑائی میں شامل ہونا چاہئے۔" (صفحہ 8)

"یہ ایک لڑائی کا بگل ہے جو بجایا جا چکا ہے۔ اس کی آواز ہمیں ہر طرف پھیلانی ہے۔ اور اس پیغام کو دنیا کے ہر کونے میں پہنچانا ہے۔" (صفحہ 8)

"اور اسلام آباد (پاکستان) کے حکمران اس آواز کی گونج کو سن کر بے بس اور پسپا ہو جائیں۔" (صفحہ 8)

صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کو للکارتے ہوئے یہ بہادر (لیکن بھگوڑا) قادیانی خلیفہ کہتا ہے:

"پس یہ ناپاک تحریک جو صدر ضیاء الحق کی کوکھ سے جنم لے رہی ہے اور وہ یہاں بھی ذمہ دار ہیں اس کے، اور قیامت کے دن بھی اس کے ذمہ دار ہوں گے۔ اور نہ کوئی دنیا کی طاقت ان کو بچا سکے گی۔ اور نہ مذہب کی طاقت ان کو بچا سکے گی۔ کیونکہ آج انہوں نے خدا کی عزت و جلال پر حملہ کیا ہے۔ آج محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نام کے تقدس پر وہ شخص حملہ کر بیٹھا ہے۔" (صفحہ 13)

مرزا طاہر جس "ناپاک تحریک" کی طرف اشارہ کر رہا ہے اس سے مراد 1984ء کا صدارتی آرڈیننس ہے جس کے تحت چونکہ مرزائی آئین کی رو سے غیر مسلم ہیں اس لئے نہ اسلام کے مقدس الفاظ کا استعمال کر سکتے ہیں اور نہ کسی طریقہ سے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر سکتے ہیں۔ اس کی ضرورت اس لیے ہوئی کہ قادیانیوں نے 73ء کے بعد آئین کی مخالفت کی یہ صورت نکالی کہ اپنی عبادت گاہوں پر، گھروں پر دکانوں پر، گاڑیوں پر اور خود اپنے سینوں پر کلمہ طیبہ کے کتبے لگانے لگے۔ مسلمانوں کے لئے ان کا یہ طرز عمل چند وجہ سے ناقابل برداشت تھا۔ سوم: مرزا غلام احمد قادیانی کا دعویٰ ہے کہ وہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ثانیہ کا مظہر ہونے کی وجہ سے (نعوذ باللہ)

خود "محمد رسول اللہ" ہے۔ چنانچہ ایک غلطی کا ازالہ" میں لکھتا ہے: "محمد رسول اللہ والذین معہ اشدآء علی الکفار رحمآء بینھم" اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی" قادیانی، جب کلمہ طیبہ "لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ" پڑھتے ہیں تو لامحالہ ان کے ذہن میں مرزا کا یہ دعویٰ بھی ہوتا ہے۔ اس لئے وہ مرزا قادیانی کو کلمہ کے مفہوم میں داخل جانتے ہیں بلکہ اسے "محمد رسول اللہ" کا مصداق سمجھتے ہیں اور یہی سمجھ کر کلمہ پڑھتے ہیں چنانچہ مرزا بشیر

احمد قادیانی نے لاہوری جماعت کا یہ سوال نقل کر کے کہ "اگر مرزا نبی ہے تو تم اس کا کلمہ کیوں نہیں پڑھتے؟" اس کا یہ جواب دیا ہی "علاوہ اس کے اگر ہم بفرض محال یہ بات مان بھی لیں کہ کلمہ شریف میں نبی کریمؐ کا اسم مبارک اس لئے رکھا گیا ہے کہ آپ آخری نبی ہیں تو تب بھی کوئی حرج واقع نہیں اور ہم کو نئے کلمہ کی ضرورت پیش نہیں آتی کیونکہ مسیح موعود نبی کریمؐ سے کوئی الگ چیز نہیں ہے جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے صار وجودی وجودہ نیز من فرق بینی وبین المصطفٰی فما عرفنی ومارٰی اور یہ اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ وہ ایک دفعہ اور خاتم النبیین کو دنیا میں مبعوث کرے گا جیسا کہ آیت آخرین منھم سے ظاہر ہے پس مسیح موعود خود محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ ہے جو اشاعت اسلام کے لئے دوبارہ دنیا میں تشریف لائے اس لئے ہم کو کسی نئے کلمہ کی ضرورت نہیں ہاں اگر محمدؐ رسول اللہ کی جگہ کوئی اور آتا تو ضرورت پیش آتی۔" (کلمۃ الفصل صفحہ 158۔ مولفہ مرزا بشیر احمد قادیانی مندرجہ ریویو آف ریلیجنز قادیان مارچ واپریل 1915ء)

پس چونکہ مرزا غلام احمد قادیانی کا یہ دعویٰ ہے کہ خدا نے اسے "محمد رسول اللہ" بنایا ہے اور چونکہ قادیانی اس کے اس کفریہ دعویٰ کی تصدیق کرتے ہیں۔ اور چونکہ وہ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے مفہوم میں مرزا قادیانی کو داخل مانتے ہیں۔ اور محمد رسول اللہ سے مرزا قادیانی مراد لیتے ہیں، اس سے معمولی عقل وفہم کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ وہ کلمہ طیبہ کا بیج لگا کر توہین رسالت کے مرتکب ہوتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقوں کی مسجد ضرار کو گرانے، جلانے اور اسے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر میں تبدیل کرنے کا جو حکم دیا تھا اگر وہ صحیح ہے (اور بلاشبہ صحیح ہے یقیناً صحیح ہے، قطعاً صحیح ہے) تو قادیانی منافقوں کی وہ مسجد نما عارت جس پر کلمہ طیبہ کندہ ہوا سے منہدم کرنے، جلانے اور کوڑے کرکٹ کے ڈھیر میں تبدیل کرنے کا مطالبہ کیوں غلط ہے؟ اور اس سے بھی کم تر یہ مطالبہ کہ مسجد ضرار کے ان چربوں پر کلمہ طیبہ نہ لکھا جائے، آخر کس منطق سے غلط ہے؟ الغرض پاکستان میں چونکہ قادیانیوں کا کفر ونفاق کھل چکا ہے، ان کو کلمہ طیبہ کے مطابق کے کتبے لگا لگا کر مسلمانوں کو دھوکہ دینے، کلمہ طیبہ کی توہین کرنے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وحرمت سے کھیلنے میں دشواریاں پیش آرہی ہیں، مسلمان ان کے غلیظ عقائد پر مطلع ہونے کے بعد ان کی مذبوحی حرکات کو برداشت نہیں کرتے اس لئے ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی ، پاکستان کی سرزمین کو نعوذ باللہ "لعنتی ملک" کہنے سے نہیں شرماتا، اور اس کا مرشد مرزا طاہر قادیانی پاکستان کے خلاف "جنگ کا بگل" بجا رہا ہے اور پاکستان میں افغانستان کے حالات پیدا کرنے کی دھمکیاں دے رہا ہے۔" جماعت احمدیہ کے سربراہ مرزا طاہر احمد نے کہا کہ اگر اس خطہ میں ظلم جاری رہا (یعنی قادیانیوں کو یہ اجازت نہ دی گئی کہ وہ کلمہ طیبہ کے کتبے لگا کر مسلمانوں کو دھوکہ دیتے رہیں۔ ناقل) تو ہو سکتا ہے کہ وہاں ایسے حالات پیدا ہوں جیسے افغانستان میں پیدا ہوئے۔ (قادیانی اخبار ہفت روزہ "لاہور" صفحہ 13۔ 20 اپریل 1958ء)

اسی کے ساتھ وہ پورے عالم اسلام کو دعوت دے رہا ہے کہ پاکستان کے خلاف زہر اگلنے کے کام میں قادیانیوں کے ساتھ شریک ہو جائے۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو:

"ہمیشہ تمہارا نام لعنت کے ساتھ یاد کیا جاتا رہے گا"

(قادیانی پرچہ دوماہی مشکوۃ قادیان۔ مئی وجون 1958ء صفحہ 14)

ان تمام حقائق کو سامنے رکھ کر انصاف کیجئے کہ ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی کا نوبل انعام کسی پاکستانی کے لئے یا عالم اسلام کے کسی مسلمان کے لئے لائق فخر اور موجب مسرت ہو سکتا ہے؟

تعزیت

مجلہ الخاتم کے سرکولیشن میجر جناب غلام نبی نوری بھائی کے والد گرامی مولانا مختار احمد قادری نوری رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہو گیا ہے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ پاک مرحوم کی مغفرت فرمائے امین۔

تحریک ختم نبوت 1974

حقائق کی روشنی میں

سکندر مرزا
Danger_king2000@yahoo.com

اپنی ملت پر قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی
ان کی جمعیت کا ہے مُلک ونسب پر انحصار
قوت مذہب سے مستحکم ہے جمعیت تیری
(اقبال: بانگ درا، 152، بنام مذہب)

سلطنت خداداد کا قیام:

اللہ رب العزت اپنے کلام قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے کہ وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (اور جو لوگ اپنے رب کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور اُن کا فیصلہ باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا ہے خرچ کرتے ہیں۔(سورہ الشوریٰ، آیت 38)

پاکستان بننے کے بعد 7 مارچ 1949 کو پاکستان کے پہلے وزیر اعظم جناب لیاقت علی خان صاحب نے قومی اسمبلی میں قرارداد مقاصد پیش کی جسے 12 مارچ 1949 کو منظور کر کے پاکستان میں بننے والے ہر آئین کی بنیاد بنالیا گیا۔اسی قرارداد مقاصد کو 1973 کے آئین میں شامل کر کے پاکستان کی قومی اسمبلی کو آرٹیکل 2A کے تحت اس بات کا پابند کر دیا گیا کہ ملک میں تمام تر دستور اور قانون سازی اسلامی تعلیمات کے تحت ہوگی جس کا ممبہ قرآن وسُنت ہے۔(بحوالہ آئین پاکستان، آرٹیکل 2A، 1973)

باؤنڈری کمیشن اور ریڈکلف ایوارڈ 1947 کے نتیجے میں ضلع گورداسپور کو قادیانی اکثریت اور ان کے مسلمانوں سے علیحدہ تشخص رکھنے کی وجہ سے بھارت میں شامل کر دیا گیا۔ یہاں ایک اہم بات قابل ذکر ہے کہ قانون آزادی ہند ایوارڈ کے تحت گورداسپور پور میں مسلمانوں کی آبادی کا تناسب ہندوؤں کے مقابلے میں 14.51 فیصد رکھا گیا تھا۔(بحوالہ: کتاب کشمیر ان کنفلیکٹ، صفحہ 35، مصنف، وکٹوریا سچوفیلڈ، سن اشاعت: 2000، مطبوعہ: آئی۔ بی۔ٹاورز، نیویارک، امریکہ)

جبکہ 1911 کی مردم شماری کے مطابق پورے ہندوستان میں قادیانیوں کی کل تعداد اٹھارہ ہزار ایک سو پچانوے تھی جس میں دس ہزار ایک سو سولہ مرد اور آٹھ ہزار نواسی عورتیں تھیں۔(بحوالہ: کتاب: فریڈم مومنٹ ان پنجاب، صفحہ 38، مصنف: ستیش چندر مطل، سن اشاعت: 1977، مطبوعہ: کانسیپٹ پبلشنگ کمپنی، دہلی، انڈیا)

مرزا محمود کی ہدایت پر آزادی سے قبل قادیانیوں نے مردم شماری اور دیگر کاغزات میں اپنے تشخص کو مسلمانوں سے الگ ظاہر کرنا شروع کر دیا جس کی وجہ سے سرکاری ریکارڈ میں گورداسپور کی مسلم آبادی کا تناسب بگڑ گیا اور نتیجتاً گورداسپور بھارت کے حصے میں چلا گیا۔گورداسپور کے بھارت کے حصہ میں جانے سے بھارت کا کشمیر میں جارحیت کا راستہ کُھل گیا اور 1947 میں آزادی کے فوراً بعد بھارت نے گورداسپور ہی کے راستے اپنی فوج بزریعہ ٹرین جموں کشمیر میں اتار کر کشمیر پر قبضہ کرلیا جو کہ آج تک قائم ہے۔ چوہدری ظفر اللہ قادیانی کو جب پاکستان کا پہلا وزیر

خارجہ بنایا گیا تو اس نے بابائے قوم محمد علی جناح کو اس احسان کا یہ بدلہ دیا کہ ان کی نماز جنازہ پڑھنے سے صرف اس لیئے انکار کر دیا کہ وہ قادیانی نہیں تھے اور وہ قائد کو اپنے عقائد کی رُو سے کافر سمجھتا تھا۔ اس کے اس عمل کی توجیح زیرِ نظر اقتباسات سے صاف ظاہر ہے۔ بقول مرزا قادیانی "خدا نے مجھ پر یہ منکشف کیا ہے کہ جو شخص میرے متعلق سننے کے بعد مجھ پر ایمان نہ لائے وہ مسلمان نہیں"۔ (بحوالہ: الحکم ، 2:4؛ مرزا غلام قادیانی، الفضل، قادیان، 15 جنوری، 1935)

وہ تمام مسلمان جو کہ مسیح موعُود کی بیعت میں شامل نہیں، چاہے انہوں نے مسیح موعُود کا نام بھی نہیں سنا کافر ہیں اور خارج از اسلام ہیں"۔ (بحوالہ: آئینہ صداقت، صفحہ 9/35، بشیر الدین محمود)

پاکستان کے قیام کے بعد جب مسئلہ فلسطین یُو-این-او میں پیش ہوا تو اس وقت وہاں یہی ظفر اللہ پاکستان کے نمائندہ کی حیثیت سے موجود تھا۔ اصولی طور پر اسے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے بلامشرُوط اس مسئلہ کے ضمن میں ساری دنیا کے سامنے عربوں کے موقف کی حمایت کرنا تھی۔ اس موقع پر ظفر اللہ قادیانی نے عربوں سے کہا کہ جب تک قادیانی خلیفہ مرزا محمُود اسے اس چیز کا حکم نہ دے تب تک وہ عربوں کی حمایت نہیں کر سکتا۔ ظفر اللہ قادیانی نے حلف تو پاکستان کی ریاست وحکومت سے وفاداری کا لے رکھا تھا لیکن اندرون خانہ اس کی تمام تر کاوشیں اور وفاداریاں صرف اپنی جماعت اور خلیفہ کے احکامات کیلئے مختص تھیں اور پاکستان کے ریاستی وسائل اور اپنے عہدے کو بھی دراصل وہ اسی کار خاص کیلئے استعمال کرتا تھا۔ اس کی وزارت خارجہ کے دور میں پوری دنیا میں قادیانی مشنریوں کا پھیل جانا اور بیرون ملک پاکستانی سفارت خانوں میں ان کی آمد و رفت اور قیام و طعام بھی اسی چیز کا غماز ہے۔ یہاں ایک بات ذہن میں رہے کہ بابائے قوم کی طرف سے ظفر اللہ خاں کو باؤنڈری کمیشن کی کارگزاری کے باوجُود بھی وزیر خارجہ بنانے کا مقصد صرف یہ تھا کہ ظفر اللہ نہ صرف انگریز دور میں ایک بیوروکریٹ رہ چکا تھا بلکہ انگریزوں کے ساتھ اس کے بہت اچھے تعلقات بھی تھے اور ان تعلقات کا استعمال کر کے ایک نو زائیدہ مسلم ملک کو درپیش بیرونی پریشر کو بیلنس کیا جا سکتا تھا۔ نیز اس وقت مغرب آج کی طرح اسلاموفوبیا کا شکار نہیں تھا اور وزارت خارجہ کا شعبہ عمومی مذہب سے ہٹ کر ایک تعلقات عامہ کا شعبہ تھا۔ ظفر اللہ قادیانی نے قائد کے اس احسان کا یہ بدلہ دیا کہ 1948 میں قائد کی نماز جنازہ تک پڑھنے سے انکار کر دیا۔

1953 کی تحریک کے کچھ محرکات:

چوہدری ظفر اللہ کے وزیر خارجہ بننے کے بعد قادیانیوں کے دوسرے خلیفہ مرزا البشیر الدین محمود نے زور و شور سے ملکی سیاست پر اثر انداز ہونے کی کوششیں شروع کر دیں اور ستمبر 1947 سے جنوری 1948 تک الفضل لاہور میں بہت سی تحریرات بھی لکھ ڈالیں اور اپنی تقاریر کے دوران بھی قادیانیوں کو نو زائدہ مسلم حکومت کے مختلف اداروں اور اہم شعبوں مثلاً لائیو سٹاک، فوج، بیوروکریسی وغیرہ میں داخل ہونے پر بھی ابھارتا رہا۔ (بحوالہ: اخبار الفضل، اشاعت: 11 جنوری، 1952)

قادیانی خلیفہ کے بقول "اگر پاکستان میں ایک لاکھ احمدی (قادیانی) سمجھ لئے جائیں تو نوے ہزار کو فوج میں جانا چاہیئے۔ فوجی تیاری نہایت اہم چیز ہے۔ جب تک آپ جنگی فنون نہیں سیکھیں گے کام کس طرح کرینگے"۔ (بحوالہ: اخبار الفضل، 11 اپریل، 1950)۔

اس اقتباس سے جماعت کے آج کے نعرے "لو فار آل، ہیٹ فار نان" کی قلعی بھی کھلتی ہے۔ ذرا ہوش مند قادیانی لوگ اس تضاد کے متعلق سوچیں کہ جماعت کے دوسرے خلیفہ صاحب تو جماعت کو فوجی تربیت لینے کی ترغیب دیتے اور "الفرقان بٹالین" نامی عسکری تنظیم بناتے ہیں، جب کہ جماعت آج اس نعرے کی بنیاد پر اپنے خلیفہ جی کے عزائم سے تین سو ساٹھ ڈگری کے زاویہ پر الٹ چلتے ہوئے انگلینڈ میں موج کر رہی ہے۔

اسی زمانے میں بشیر الدین محمود نے مختلف شہروں کے دورے بھی کیئے اور کچھ سیاسی نوعیت کی ملاقاتیں بھی کیں۔مرزا محمود نے اکھنڈ بھارت کو قادیانیت کا مشن قرار دیا اور چوہدری ظفر اللہ قادیانی کے بھتیجے کی شادی کے موقع پر 3 اپریل 1947 کو چوہدری ظفر اللہ قادیانی کے سامنے یہ الفاظ کہے کہ" جہاں تک میں نے مسیح موعود (مرزا قادیانی) کی ان پیشگوئیوں پر نظر دوڑائی ہے جو ہندوستان کے متعلق ہیں اور جہاں تک اللہ تعالی کے اس فعل پر غور کیا ہے جو مسیح موعود (مرزا غلام قادیانی) کی بعثت سے وابستہ ہے، میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ہندوستان میں ہمیں دوسری اقوام کے ساتھ مل جل کر رہنا چاہیئے اور اور ہندوؤں اور عیسائیوں سے مشارکت رکھنی چاہیئے۔" (بحوالہ: روزنامہ الفضل، قادیان، 5 اپریل، 1947)۔اسی طرح پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے متعلق قادیانی خلیفہ کے خیالات کا اندازہ ان الفاظ سے بھی ہوتا ہے۔بقول مرزا محمود" ہم نے یہ بات پہلے بھی کئی بار کہی اور اب بھی کہتے ہیں کہ ہمارے نزدیک تقسیم پاکستان اصُولاً غلط ہے"۔(بحوالہ: روزنامہ الفضل، اشاعت: 12 اپریل، 1948)

1948 میں کوئٹہ کے ریلوے ملازمین نے 11 اگست کو ختم نبوت کے موضوع پر ایک جلسہ عام منعقد کیا۔اس جلسے میں ایک قادیانی میجر محموُد نے عقیدہ ختم نبوت اور ذات نبوی صل اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہرزہ رسائی کی جس پر اسے بھاگنے سے قبل موقع پر ہی ٹھکانے لگا دیا گیا۔(بحوالہ: تاریخ احمدیہ، از دوست محمد شاہد، جلد 12، صفحہ 321)

جہانگیر پارک کراچی میں 17 اور 18 مئی 1953 کو انجمن احمدیہ کے منعقد کردہ ایک جلسے میں 18 مئی کو اپنی تقریر کے دوران چوہدری ظفر اللہ قادیانی نے مذہب اسلام کو ایک مردہ درخت سے اور مرزا قادیانی کے ہاتھوں لگائے قادیانی مذہب کو ایک زندہ پودے سے تشبیہ دی۔(بحوالہ: پنجاب ایکٹ 1954 (2) کے تحت 1953 میں پنجاب کے فسادات کے متعلق شائع ہونے والی انکوائری رپورٹ، صفحہ نمبر 75، شائع کردہ: سپریٹنڈنٹ، پنجاب پرنٹنگ، لاہور، 1954، انگریزی ایڈیشن)

اگرچہ علماء کرام قادیانیوں سے ملک پاکستان کو درپیش خطرات کو بھانپ بھی رہے تھے لیکن ظفر اللہ قادیانی کی اس تقریر نے جلتی پر تیل کا کام کیا اور اس تقریر سے تمام ملک کے مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی۔ان تمام تر عوامل کے ردعمل میں مجلس احرار السلام کی سربراہی میں 1953 میں تحریک ختم نبوت چلائی گئی اور علما کے ایک وفد نے اس وقت کے وزیر اعظم پاکستان خواجہ ناظم الدین سے ملاقات کر کے اپنے درج ذیل تین نکات پیش کیئے:

۱- چوہدری ظفر اللہ قادیانی کو وزارت خارجہ کے عہدے سے الگ کیا جائے۔

۲۔سرکاری محکموں میں قادیانی افسروں کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ اپنے سرکاری عہدے کا ناجائز استعمال کر کے عام مسلمانوں میں اپنے عقائد و مذہب کی ترویج نہ کریں۔

۳۔مرزائیوں کو ایک الگ اقلیت قرار دیا جائے۔

لیکن حکومت نے یہ نکات ماننے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ اگر یہ مانگیں قبُول کی جاتی ہیں تو امریکہ پاکستان کو ایک دانہ گندم کا بھی نہیں دے گا۔اس وقت ہمارے پاس ایک سنہری موقع تھا کہ ہم نہ صرف اس قادیانی ناسُور کی سرگرمیاں محدُود کر دیتے بلکہ ملک کو امریکی امداد کے چُنگل سے نجات دلا کر اپنے پاؤں پر بھی کھڑا کیا جا سکتا تھا۔ انہی عوامی مطالبات کی منظوُری کیلئے اس وقت قائدین کی کال پر ملک بھر میں احتجاج کا سلسلہ شروع ہوا اور اس کے ردعمل کی طور پر اس وقت کی حکومت کی طرف سے لاہور میں ایمرجنسی نافذ کر کے دس ہزار کے قریب شمع رسالت کے پروانوں کو شہید کیا گیا۔اس کے بعد تحریک کے قائدین جن میں

ابوالاعلی مولانا مودُودی اور مولانا عبدالستار نیازی سر فہرست ہیں، کی سزائے موت کے فیصلوں اور کارکنوں کی گرفتاریوں اور عالمی دباؤ کی وجہ سے یہ مسئلہ 1953 میں حل نہ ہوسکا۔

عروس دہر، سنا ہے کہ چند دیوانے
لہو کے عطر سے گیسو تیرے سنوار آئے

تحریک ختم نبوت 1974:

ہے اگر مجھ کو خطر کوئی تو اس امت سے ہے
جس کی خاکستر میں ہے اب تک شرارِ آرزُو
عصر حاضر کے تقاضوں سے ہے لیکن یہ خوف
ہو نہ جائے آشکارا شرعِ پیغمبر کہیں
(علامہ اقبال، ابلیس کی مجلس شُوریٰ)

وقت کا پہیہ چلتا رہا اور 22 مئی 1974 کا دن بھی آگیا، جب ربوہ ریلوے سٹیشن پر ٹرین میں قادیانی لٹریچر بانٹنے پر نشتر میڈیکل کالج کے طلبہ کے ختم نبوت زندہ باد کے نعروں سے ربوہ کی سیلن زدہ فضائیں مترنم ہوگئیں۔ اس جسارت کا یہ نتیجہ برآمد ہوا کہ انہی طلبہ کی ٹرین کو پشاور سے واپسی پر 29 مئی 1974 کو ربوہ سٹیشن پر روک لیا گیا اور قادیانی خدام اور فرقان فورس کے پانچ ہزار کے قریب کارندوں نے مرزا طاہر احمد (قادیانیوں کا چوتھا خلیفہ) کی سربراہی میں نہتے طلبہ پر مسلح حملہ کر دیا۔ اس حملے کے نتیجے میں پچاس طلبہ زخمی ہوئے جن میں سے تیرہ شدید زخمی تھے۔ (بحوالہ: روزنامہ جسارت، کراچی، 31 مئی 1974)

شمع رسالت کے ان زخمی محافظوں کی پزیرائی مولانا تاج محمد نے فیصل آباد پہنچنے پر کی اور جیسے ہی اس واقعے کی خبر زبان زد عام ہوئی، عوامی جذبات اور ردعمل کا ایک سیلاب کہرام کی صورت میں ملک کی طول و عرض میں برپا ہوگیا۔ اس وقت پنجاب کے قادیانی نواز وزیر اعلی پنجاب حنیف رامے نے دبے الفاظ میں اس احتجاج پر عوام اور علما کرام کو دھمکانہ شروع کر دیا اور حکومت نے جسٹس سمدانی کی سربراہی میں سانحہ ربوہ کی تحقیق کیلئے ایک کمیٹی بنا دی۔ (بحوالہ: اخبار پاکستان ٹائمز، 7 جُون 1974)

جہاں سانحہ ربوہ کے بعد پورے ملک میں قادیانی بدمعاشی کے خلاف احتجاج شروع ہوگیا، وہیں مولانا تاج محمد نے شام پانچ بجے الخیام ہوٹل میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا محمد یوسف بنوری کے حکم پر فی الفور پوری قوت سے ملک گیر تحریک چلانے کا اعلان کر دیا۔ آغا شورش کاشمیری کی تحریک پر مولانا یوسف بنوری کو مجلس عمل تحفُظ ختم نبوت پاکستان کا کنوینر مقرر کیا گیا اور مستقل بنیادوں پر انتخابات کے لیئے 16 جون 1974 کو فیصل آباد میں تمام اکابرین ومشائخ، علما وسیاستدان مل بیٹھے۔ اس وقت مجلس عمل میں مختلف طبقات فکر کی نمائندگی کرنے والے اکابرین کی تفصیل درج ذیل ہے:

تمام مکاتب فکر کا اتحاد

مجلس تحفظ ختم نبوت: مولانا محمد یوسف بنوری، مولانا خان محمد، مولانا تاج محمود، مولانا محمد شریف جالندھری، سردار میر عالم لغاری

جمیعت علما پاکستان: مولانا شاہ احمد نورانی، مولانا عبدالستار خان نیازی، مولانا صاحبزادہ فضل رسول، مولانا عبدالمصطفی الازہری، مولانا محمود علی قصوری، مولانا غلام علی اوکاڑوی

جمیعت علما اسلام: مولانا مفتی محمود، مولانا عبدالحق اکوڑہ خٹک، مولانا عبید اللہ انور، مولانا محمد زمان اچکزئی، مولانا محمد اجمل خاں، مولانا محمد ابراہیم

جمیعت اہلحدیث: میاں فضل حق، مولانا عبدالقادر روپڑی، مولانا اسحاق چیمہ، شیخ محمد اشرف، مولانا محمد صدیق، مولانا شریف اشرف

تبلیغی جماعت: مولانا مفتی زین العابدین

اہل تشیع: سید مظفر علی شمسی

مسلم لیگ: میجر اعجاز احمد، چوہدری صفدر علی رضوی، چوہدری ظہور الہی، سید اصغر علی شاہ

پاکستان جمہوری پارٹی: نوابزادہ نصر اللہ خان، رانا ظفر اللہ خان

مجلس احرار: مولانا عبید اللہ احرار، مولانا سید عطا المنعم شاہ بخاری، چوہدری ثنااللہ بھٹہ، ملک عبد الغفور رانوری، سید عطاالمحسن شاہ بخاری

اشاعت التوحید: مولاناغلام اللہ خان، مولانا عنایت اللہ شاہ

جماعت اہلسنت: مولاناغلام علی اوکاڑوی، سید محمود شاہ گجراتی

تنظیم اہلسنت: مولاناسید نورالحسن بخاری، مولانا عبدالستار تونسوی

اتحاد العلما: مولانا مفتی سیاح الدین کاکاخیل، مولانا محمد چراغ، مولانا گلزار احمد مظاہری

حزب الاحناف: مولاناسید محمود رضوی، مولانا خلیل احمد قادری

قادیانی محاسبہ کمیٹی: آغا شورش کاشمیری، علامہ احسان الہی ظہیر

نیشنل عوامی پارٹی: ارباب سکندر خان، جناب امیر زادہ صاحب

جماعت اسلامی: پروفیسر غفور احمد، چوہدری غلام جیلانی، میاں طفیل محمود

قومی اسمبلی میں آزاد گروپ کے لیڈر: مولانا ظفر احمد انصاری

دیگر اہم شخصیات: مولانا مفتی محمد شفیع، مولانا حکیم عبدالرحیم اشرف

مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کا انتخاب:

صدر: مولانا یوسف بنوری

ناظم اعلی: مولانا محمود احمد رضوی

نائب صدر: مولانا عبدالستار خان نیازی، سید مظفر علی شمسی، مولانا عبدالواحد، نوابزادہ نصر اللہ خان

نائب ناظم: مولانا محمد شریف جالندھری

خازن: میاں فضل حق

درج بالا دی ہوئی لسٹ سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت عوامی جمہوریہ پاکستان کے تمام مذہبی وسیاسی اور جمہوری نمائندے اور دھڑے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے سیسہ پلائی دیوار بن گئے۔ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکت جو کہ ہمارے ایمان کی اساس اور معراج ہے، یہی اس امت کو یکجا رکھے ہوئے ہے اور عقیدہ ختم نبوت وہ ایمانی لڑی ہے جو کہ چودہ سو سال کے متواتر سلاسل سے عقائد صحابہ رضوان رضی اللہ عنہ تک اور پھر پیغمبر برحق حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات تک جا ملتی ہے۔ یہاں ایک اور بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ اگرچہ 16 جون 1974 کو ہوئے مجلس عمل کے اجلاس میں تو پاکستان کی ہر مذہبی اور سیاسی جماعت اور ہر فرقہ کی نمائندگی تھی لیکن پارلیمان میں ہوئی 1974 کی کاروائی میں ہمیں صرف چند ایک علما کے ہی نام ملتے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ پارلیمان کی وہ کاروائی ایک خصوصی ان کیمرہ خفیہ کاروائی تھی اور اس حساس نوعیت کی کاروائی میں شامل ہونے کا موقع صرف ان علما کرام اور لوگوں کو ہی ملا جو کہ پارلیمان کے منتخب نمائندے تھے۔ ان علما نے بھی صرف ایک آدھ موقع پر ہی قادیانی اور لاہوری وفد سے جرح کی، جب کہ کوئی تکنیکی نکتہ آیا وگرنہ تمام کی تمام جرح اس وقت کے اٹارنی جنرل جناب یحیٰ بختیار ہی کر رہے تھے اور علما وممبران پارلیمنٹ صرف اپنے سوالات کاغذ پر لکھ کر انھیں دیتے تھے۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ عام قادیانی پروپیگنڈہ کے برخلاف پارلیمان ہائی جیک نہیں ہوئی تھی بلکہ دونوں گروہوں کا موقف کھل کر سننے کے بعد ہی پارلیمان کے ارکان نے ایک مشترکہ فیصلہ کیا تھا۔

پہلی حکمت عملی کے طور پر قادیانی جماعت کا مکمل بائیکاٹ کیا گیا اور ملک گیر احتجاج کے عملی مظاہروں کے بعد جب رہنماؤں اور کارکنوں کی گرفتاریوں کا سلسلہ شروع ہوا تو 14 جون کو ملک گیر ہڑتال کی کال دی گئی۔ کراچی سے لے کر خیبر تک شمع رسالت کے پروانوں نے اس کال پر لبیک کہا اور مقررہ دن پورے ملک میں کاروبار زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا۔

جسٹس صمدانی کمیشن:

جسٹس صمدانی کمیشن نے اپنی تحقیقات کے نتیجے میں جو رپورٹ مرتب کی اس میں کچھ درج ذیل نکات اٹھائے گئے:

خدام الاحمدیہ ایک عسکری جماعت ہے جو کہ خلیفہ و دیگر سرغناؤں کے حکم پر کاروایاں کرتی ہے۔

جماعت کے ناظر خلیفہ وقت کے حکم پر ہر جائز و ناجائز خدمت سرانجام دینے کے پابند ہیں۔

افریقہ میں مرزا غلام قادیانی کو بطور نبی" احمد" مشتہر کیا جاتا ہے۔

ربوہ میں فرقان فورس کی موجودگی کے شواہد ملے ہیں۔اس تنظیم کو کشمیر کے محاذ پر استعمال کیا گیا اور بعد میں جنرل گریسی نے اسے تحلیل کر دیا۔اس تنظیم کے مستعمل اسلحہ و بارُود کو بعد میں ایک فوجی گاڑی کے ذریعے واہگہ بھیجا گیا اور"محمود" نامی قادیانی عبادت گاہ کے قریب دفن کر دیا گیا اور اس پر جماعت کے کارکنوں کا پہرہ لگا دیا گیا۔

جماعت کا ایک مشن اسرائیل کے شہر حیفہ میں سرگرم عمل ہے۔یہ تحریک جدید کے تحت کام کرتا ہے جس کا روح رواں دوسرا قادیانی خلیفہ مرزا محمود تھا۔جماعت کے وہ لوگ جو کہ پاکستان سے اسرائیل جاتے ہیں ان کے پاس دو پاسپورٹ ہوتے ہیں۔یہ لوگ پہلے پاکستانی پاسپورٹ پر کسی افریقی ملک جاتے ہیں جہاں انہیں دوسرا پاسپورٹ جاری کیا جاتا ہے۔یہ دوسرا پاسپورٹ وہ خفیہ طور پر اپنے پاس رکھتے ہیں اور اب تک جماعت ایک بھی یہودی کو مسلمان نہیں کر سکی۔(بحوالہ، اخبار پاکستان، ٹائمز، اشاعت: 28جُون 1974)۔

قادیانی روسا کی چالاکیاں:

ادھر ربوہ میں جب قادیانی امت کے بڑوں نے عوامی جمہوریہ پاکستان میں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیئے وارفتگی، جان نثاری اور اتحاد کا یہ عالم دیکھا تو انہیں دن میں تارے نظر آنا شروع ہو گئے اور ان کے سر سے اس چیز کا نشہ بھی جاتا رہا کہ بھٹو حکومت جس کرسی پر قائم ہے، اس کرسی کی ایک مضبُوط ٹانگ قادیانی جماعت ہے۔یہ وہ وقت تھا جب تحریک اپنے پُورے عروج پر پہنچ چکی تھی۔اس سمندر کا مقابلہ کرنے کے لیئے قادیانی خلیفہ مرزا ناصر احمد اور چوہدری ظفر اللہ قادیانی نے پروپیگنڈہ مہم چلائی اور عالمی برادری کی ہمدردیاں سمیٹنے کی خاطر ایک بیوہ کی طرح اپنی مظلومیت کا بین کرنا شروع کر دیا۔امریکی ایسوسی ایٹ پریس کو دیئے گئے ایک بیان میں مرزا ناصر نے سارا ملبہ بھُٹو صاحب اور حکومت پر ڈالتے ہوئے انہیں اس انارکی کا ذمہ دار ٹھہرایا اور اسے بائیں بازُو کی انتہا پسند جماعتوں کی ہمدردی اور سپورٹ حاصل کرنے کی کوشش گردانا۔

اسی طرح روزنامہ جسارت، کراچی کی 28جُون 1974 کی اشاعت کے مطابق ظفر اللہ قادیانی نے بھی یہ دہائی دی کہ ہماری املاک کو حکومتی سرپرستی میں تباہ کیا گیا ہے۔اسی طرح ایک اور پریس کانفرنس کے دوران ظفر اللہ قادیانی نے سانحہ نشتر پارک پر کوئی انکوائری رپورٹ آنے سے پہلے ہی سانحہ ربوہ کے من چاہے حقائق عالمی میڈیا کے سامنے بیان کر دیئے اور اس بات کو یکسر ہی گول کر دیا کہ اس دوران قابل اعتراض لٹریچر بانٹ کر پہل جماعت کی طرف سے ہوئی تھی اور قادیانی امت کو ایک مظلوم کمیونٹی ظاہر کر کے ایمنیسٹی انٹرنیشنل، یونائیٹڈ نیشن، ریڈ کراس اور دیگر عالمی اداروں سے مدد کی اپیل کی۔(بحوالہ: دا ٹائمز لنڈن، 7 جُون 1974)

اسی طرح السلام نامی ایک امریکی میگزین کی 30 ستمبر 1974 کی اشاعت میں یہ خبریں بھی شائع ہوئیں کہ بیرونی ممالک میں موجود قادیانی مشنری مختلف ممالک کے سفرا، وزرا اور حکومتی عہدیداروں سے مل کر انھیں غلط حقائق بتا کر پاکستان کے اندرونی معاملات میں دخل دینے پر آمادہ کر رہے ہیں۔اگر ہم ایک پہلو سے سوچیں تو قادیانی جماعت کا یہ پروپیگنڈہ نہ صرف مملکت پاکستان کے لیئے جگ ہنسائی کا سبب بنا بلکہ بعض

جگہوں پر اس سے جماعت کی بھی سُبکی ہوئی۔ انھی دنوں ایک ہندوستانی میگزین نے اس پر یہ تبصرہ بھی کیا کہ عالمی عدالت کا یہ جج (چوہدری ظفر اللہ) اس وقت کہاں تھا جب ہندوستان میں مسلم اقلیت کے تقریباً تین ہزار لوگوں کو دنگوں کی بھینٹ چڑھا دیا گیا تھا۔

بقول شاعر

ہم تو ڈُوبے ہیں صنم تُم کو بھی لے ڈُوبیں گے

قادیانی مسئلہ پارلیمان میں:

اوپر بیان کردہ تمام حالات، تحریک تحفظ ختم نبوت کی برکات، عوامی احتجاج اور عالمی دباؤ نے اس وقت کی حکومت کو مجبور کر دیا کہ اس مذہبی مسئلہ کو سڑکوں پر حل کرنے کے بجائے پارلیمان میں لے جایا جائے اور اس پر باقاعدہ جرح کر کے تمام منتخب نمائندوں کی رائے سے اس پر قانون سازی کر دی جائے جو کہ قرآن کی آیت وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ (اور جو لوگ اپنے رب کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور اُن کا فیصلہ باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا ہے خرچ کرتے ہیں؛ سورہ الشوریٰ، آیت 38) اور قرارداد مقاصد کی رُو سے، آئین پاکستان 1973، آرٹیکل 2A کے عین مطابق ہے۔

اگلی پیش رفت کے طور پر 30 جُون 1974 کو پارلیمان میں دو الگ قراردادیں پیش کی گئیں۔ ان میں سے ایک قرارداد حکومت کی طرف سے پیش کی گئی جسے اس وقت کے وزیر قانون حفیظ پیرزادہ نے پیش کیا اور اس میں صرف اس امر کا احاطہ کیا گیا کہ قادیانی جماعت کی آئینی حیثیت کیا ہے۔ دوسری قرارداد کو اس وقت کی اپوزیشن کے قائد مولانا شاہ احمد نورانی نے پیش کیا جس میں قادیانیوں کے متعلق بانگ دہل علما کرام نے اپنے موقف کا اظہار کیا۔ اسی قرارداد میں یہ بات بھی شامل کی گئی کہ مکۃ المکرمہ میں عالمی مسلم تنظیموں کے اجلاس منعقدہ 6 تا 10 اپریل 1974، تمام عالم سے تقریباً 140 مختلف مسلم تنظیموں نے شرکت کی اور کھل کر اس امر کا اظہار کیا کہ جماعت قادیانیہ اسلام کے خلاف ایک تخریبی جماعت ہے جو کہ خود کو مسلمانوں کا ایک فرقہ ظاہر کرتی ہے لیکن دراصل بوجوہ اپنے عقائد کے دین اسلام سے پھر چکی ہے۔ اپوزیشن کی پیش کردہ قرارداد کو 37 ممبران قومی اسمبلی و علما کی تائید حاصل تھی۔ یہ بھی اللہ رب العزت کی قدرت تھی کہ اس اسمبلی میں مسلمانان پاکستان کی تقریباً تمام مذہبی اور سیاسی جماعتوں کے ارکان بطور منتخب عوامی نمائندگان شامل تھے۔

قادیانی اور لاہوری وفد پارلیمان میں:

اس وقت کی قادیانی پارٹی سے جو لوگ پارلیمان میں وفد کی صورت میں پیش ہوئے ان میں قادیانی گروہ کا تیسرا امیر مرزا ناصر احمد، مرزا طاہر احمد جو کہ مستقبل میں چوتھا امیر بنا، نامور قادیانی مربّی و عالم مولانا ابوالعطا جالندھری، شیخ محمد احمد مظہر سابقہ امیر جماعت ڈسٹرکٹ فیصل آباد، قادیانی گروہ کا جماعتی مورخ مولانا دوست محمد شاہد شامل تھے۔ جبکہ گیارہ دن تقریباً تمام کی تمام جرح مرزا ناصر احمد سے ہوئی۔

لاہوری گروپ کی طرف سے پارلیمان میں پیش ہونے والے وفد میں صدر الدین امیر لاہوری پارٹی، مرزا مسعود بیگ جنرل سیکرٹری، مولوی عبدالمنان عمر فرزند مولوی نور الدین خلیفہ اوّل شامل تھے۔ دو دنوں میں وفد کے تینوں ارکان سے باری باری جرح ہوئی۔

90 سال کے بعد قادیانی جماعت کے اس وقت کے خلیفہ نے حکومتی سطح پر اپنا موقف اسمبلی کے سامنے رکھا اور تقریباً دو سوصفحات پر مشتمل محضر نامہ پیش کیا۔ اس محضر نامے کی تقریباً اڑھائی سو کاپیاں کروائی گئیں اور انہیں تمام شرکا و ممبران کو پہنچا دیا گیا۔ قادیانی محضر نامے کے جواب میں "ملت اسلامیہ کا موقف" نامی جواب تحریر کیا گیا۔ مولانا محمد یوسف بنوری کی قیادت و رہنمائی میں مولانا محمد شریف جالندھری، مولانا محمد حیات،

مولانا تاج محمود اور مولانا عبد الرحیم اشعر نے حوالاجات کی تدوین کا کام سرانجام دیا اور مولانا تقی عثمانی اور مولانا سمیع الحق نے انہیں ایک ترتیب میں لگا کر اسے ایک کتاب کی شکل دے دی۔ سید انور حسین نفیس نے اسکی طباعت کا کام سنبھالا اور روزانہ جتنا حصہ بھی طبع ہوتا اسے مولانا مفتی محمود، چوہدری ظہور الہی اور مولانا شاہ احمد نورانی سن لیتے۔ اس جواب کو مولانا مفتی محمود نے اسمبلی کے سامنے رکھا۔ لاہوری جماعت کی طرف سے مولوی حکیم نور الدین بھیروی کے بیٹے مولوی عبد المنان عمر نے اسمبلی کے سامنے اپنا چودہ صفحات پر مشتمل موقف سنایا۔ اگرچہ کہ "ملت اسلامیہ کا موقف" لاہوری جماعت کے مختصر نامے کا بھی احاطہ کرتا تھا لیکن اس کا باضابطہ جواب مولانا غلام غوث ہزاروی نے لکھ کر اسمبلی کے سامنے پیش کیا۔ اس وقت قومی اسمبلی میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ قادیانی اور لاہوری گروپ کے سربراہان پر جراح بھی کی جائے اور انھیں اپنی پوری صفائی دینے اور اپنے موقف کا دفاع کرنے کا پورا پورا اختیار بھی دینا چاہیئے۔

اب اگر کوئی صاحب اٹھ کر یہ کہیں کہ کسی کلمہ گو کو عامتہ المسلمین سے باہر نہیں نکالا جاسکتا تو سیرت کی تمام تر کتب کا مطالعہ کرنے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رئیس المنافقین عبد اللہ ابن ابی اور اسکے حواریوں کی بنائی مسجد ضرار کے متعلق اقدام ہمارے سامنے آتا ہے۔ پارلیمان، مکلننہ اور عدلیہ کے ضمن میں عام قاعدہ یہ ہے کہ کسی بھی مسئلے کو سلجھاتے ہوئے اس کے پریذیڈنٹ کو ضرور مدنظر رکھا جاتا ہے۔ عام اصطلاح میں پریذیڈنٹ سے مراد یہ ہے کہ اگر پاکستان میں کسی معاملے میں صدر پاکستان کا مواخذہ ہوگا تو یہ مستقبل کے تمام صدور کے استثنا و مواخذہ کے ضمن میں ایک پریسیڈنٹ اور ایک مثل بن جائے گا اور ہر آنے والے وقت میں اس سے مشترک مسئلہ میں اس پریسیڈنٹ کو لازماً سامنے رکھا جائے گا۔ دنیا کی پارلیمانی تاریخ میں اس سے پہلے بھی اس سے ملتی جلتی ایک صورتحال ہمارے ہمسایہ اور دنیا میں سب سے بڑی جمہوری ریاست ہونے کے دعویدار ملک بھارت میں پیش آئی۔ بھارتی آئین 1949 کے آرٹیکل نمبر 25 کے تحت سکھ مت، جین مت اور بدھ مت کے ماننے والوں کو بھی بغیر ان کی رائے لیے آئینی طور پر ہندو ہی قرار دیا گیا اور بھارتی سپریم کورٹ کے 10 اگست 2005 کے فیصلے میں بھی اس آئینی شق کو سکھ مت، جین مت اور بدھ مت کے ماننے والوں کا موقف سنے بغیر، ان کی مرضی کے برخلاف اس فیصلے کو قائم اور برقرار رکھا گیا۔ اس طرح بھارت جیسے سیکولر ملک کی پارلیمان اور عدلیہ نے اپنے خصوصی اختیارات استعمال کرتے ہوئے ملک میں بسنے والے لوگوں کی مذہبی شناخت کا فیصلہ کیا۔ دنیا کی پارلیمانی تاریخ میں ایسا پہلی دفعہ ہوا کہ کسی ایسی صورتحال میں صرف اور صرف اکثریت کی رائے پر فیصلہ کرنے کے بجائے دوسرے فریق کو بھی اپنی صفائی کا پورا پورا موقع دیا گیا ہو۔ اسی طرح ہم جنس پرستی اور صدومیت کے متعلق عیسائی مذہب کی تعلیمات واضح ہیں۔ مثلاً انجیل مقدس کی کرنتھیوں کی کتاب کے باب 6 کی آیت 9 اور 10 اس کی ممانعت کرتا ہے۔ اس کے علاوہ انجیل متی 4:19 اور مارک کی انجیل 6:10 کے مطابق بھی انسان کو مرد اور عورت کے جوڑوں میں پیدا کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ کتاب پیدائش باب 2، آیت 21 تا 24 اور کتاب متی، باب 19، آیت 4 تا 6 بھی یہی بتاتی ہیں کہ مرد کی شادی عورت سے ہی ہوگی۔ ان تمام عیسائی مذہبی تعلیمات کے ہوتے ہوئے بھی دنیا کے بہت سے عیسائی ملکوں مثلاً انگلینڈ، امریکہ، آسٹریلیا اور فرانس وغیرہ نے اپنی پارلیمان کے ذریعے ہم جنس پرستی کے حق میں قانون سازی کروائی اور اسے قانونی حیثیت بھی دی۔

قادیانیوں کے اس وقت کے خلیفہ مرزا ناصر سے پہلے 5 اگست سے 10 اگست اور پھر 20 سے 24 اگست تک سوال و جواب ہوئے اور اسے گیارہ دن اپنے موقف میں صفائی دینے اور اس پر جرح کرنے کا پورا موقع دیا گیا جو کہ تقریباً 42 گھنٹوں پر محیط ہے۔ اسی طرح 27 اور 28 اگست کو لاہوری پارٹی کے رہنما مولوی صدر الدین، مولوی عبد المنان عمر

اور مسعود بیگ سے دو روز جرح ہوئی جس کا دورانیہ تقریباً 7 گھنٹے بنتا ہے۔ پارلیمان میں اس مسئلے کو حل کرنے کے لیئے جو طریقہ کار وضع ہوا اس میں طے یہ ہوا تھا کہ کوئی بھی ممبر اپنا کوئی بھی سوال قادیانی یا لاہوری جماعت کے سربراہان سے نہیں کرے گا اور جرح کے تمام تر سلسلہ کو عدالتی طریقہ کار کے تحت چلایا جائے گا۔ تمام ممبران اپنا سوال کاغذ پر لکھ کر اٹارنی جنرل کو دینگے اور اٹارنی جنرل ہی وہ سوال کرے گا تا کہ پارلیمنٹ کا نظم و ضبط قائم رہے۔ اسی قاعدے کے مطابق یہ تمام سوال و جواب پاکستان کے اس وقت کے اٹارنی جنرل جناب یحیی بختیار صاحب نے ان لوگوں سے پوچھے اور جراح کی اور علما کی رہنمائی میں حوالاجات بھی پیش کیے۔ اس دوران کچھ ایسے مواقع بھی آئے جب کسی ممبر نے درمیان میں مداخلت کی لیکن مقصد صرف پوائینٹ آف اوبجیکشن پیش کرنا تھا یا جناب سپیکر صاجزادہ فاروق علی خاں صاحب کی توجہ کسی اہم امر کی جانب دلانا تھا جو کہ اس سارے سلسلہ کی بطور چیئرمین سپیشل کمیٹی نگرانی کر رہے تھے۔ اس وقت موقع پر موجود لوگوں کی زبانی معلوم ہوتا ہے کہ پارلیمان کے ایئر ٹائیٹ حال میں ایک ایسا وقوعہ بھی پیش آیا جب دوران جرح ایک پرندہ اڑتا ہوا آیا اور اس نے قادیانی سربراہ مرزا ناصر احمد پر بیٹھ کر دی۔

دوران جرح مرزا ناصر احمد یا تو اپنے جوابات میں تاویل کی قینچی چلاتا رہا یا بہت ہی مبہم اور گول جواب دیے۔ اکثر حوالاجات پیش کرنے پر مرزا ناصر نے یہ کہہ کر جان چھڑوائی کہ آپ حوالہ نوٹ کروا دیں، ہم یہ حوالہ اپنی کُتب میں دیکھ لینگے۔ اس کے علاوہ ہم قارئین کی دلچسپی کے لیئے اگست کی مناسبت سے یہاں یہ بات لکھنا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ مرزا ناصر سے جرح کے دوران 24 اگست کی جرح میں دوسرے قادیانی خلیفہ کے قادیانی اخبار الفضل مورخہ 5 اپریل 1947، 12 اپریل 1947، جون 1947، 18 اگست 1947 اور 28 دسمبر 1947 میں چھپنے والے اکھنڈ بھارت کے حوالوں کے متعلق بھی پوچھا گیا لیکن مرزا ناصر حسب سابقہ ان حوالوں سے کنی کترا گیا۔

